# 26-11-2025 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے حیدرآباد کے شمس آباد ایرپورٹ پر فرانسیسی کمپنی سفرن کے ایک بڑے دیکھ بھال اور مرمت کے مرکز کا ورچول افتتاح کیا۔

۲۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ ملک کو آگے لے جانے اور نوآبادیات کی ذہنیت کو بدلنے کے لئے دستور رہنمائی کر رہا ہے۔

۳۔ یو آئی ڈی اے آئی نے آدھار ڈیٹا بیس کو شفاف بنانے اور ملک بھر میں جاری اپنی مہم کے تحت دو کروڑ سے زیادہ ایسے آدھار نمبرس کو بند کر دیا ہے جن سے تعلق رکھنے والے افراد فوت ہو چکے ہیں۔

اور

۴۔ ایک بڑی کامیابی میں آج 41 مسلح ماؤنواز کیڈرس بشمول 12 خواتین نے چھتیس گڑھ کے بیجا پور ضلع میں سینئر پولیس اور سنٹرل ریزرو پولیس فورس کے عہدیداروں کے سامنے خودسپردگی اختیار کر لی۔

Constitution Day

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے یوم دستور کے موقع پر آج نئی دہلی میں واقع سمودھان سدن کے سنٹرل ہال میں دستور کے دیباچہ کو پڑھے جانے کی قیادت کی۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ دستور ملک کی شناخت کا ایک مہور ہے اور آگے بڑھنے کیلئے ملک کی رہنمائی کر رہا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دستور، عوام کو اپنی خواہشات کے اظہار کیلئے ایک نہایت ٹھوس فریم ورک فراہم کرتا ہے۔ صدر جمہوریہ کے مطابق دستور ساز یہ چاہتے تھے کہ اس کے ذریعہ عوام کی انفرادیت اور اجتماعی طور پر حفاظت ہو سکے۔

Sound Byte President

نائب صدر رادھا کرشنن نے کہا کہ دستور سے ملک کے کروڑہا افراد کو جنہوں نے آزادی کیلئے لڑائی لڑی، قربانی اور ہوشیاری دیتا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ دستور کی روح سے یہ بات ثابت ہوئی ہے کہ ہندوستان ایک ہے اور ہمیشہ ایک رہے گا۔

Sound Byte VP

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے اپنی تقریر میں کہا کہ دستور کی رہنمائی میں ملک نے اچھی حکمرانی اور سماجی و اقتصادی ترقی کا تبدیلی والا سفر طئے کیا ہے۔ اس موقع پر دروپدی مرمو نے دستور کا ترجمہ شدہ ورژن کا اجرأ انجام دیا جسے 9 زبانوں بشمول ملیالم، مراٹھی، نیپالی، پنجابی، بوڈو، کشمیری، تلگو، اوڈیا اور آسامی میں ترجمہ کیا گیا ہے۔

PM-SAFRAN:

وزیراعظم نریندر مودی نے آج حیدرآباد کے راجیو گاندھی انٹرنیشنل ایرپورٹ شمس آباد میں واقع جی ایم آر میں دیکھ بھال اور مرمت کے ایک بڑے مرکز کا ورچول طریقہ سے افتتاح کیا۔ یہ مرکز فرانس کے سفرن ادارہ سے تعلق رکھتا ہے۔ مودی نے اس کمپنی پر زور دیا کہ ہندوستان میں تیار کئے جانے والے طیاروں کے انجن اور اس کے ڈیزائن سے استفادہ کیا جائے۔ مودی کے مطابق ملک کی بڑی مائیکرو، اسمال اور میڈیم انٹرپرائزنٹ ورک اور باصلاحیت نوجوانوں کے ذریعہ کمپنی کو کافی مدد ملے گی۔ وزیراعلیٰ ریونت ریڈی نے اس موقع پر مودی سے اپیل کی کہ بنگلور۔حیدرآباد راہداری کو ڈیفنس اور ایرواسپیس کارویڈور کے طور پر اعلان کیا جائے۔ اس اقدام سے وکست بھارت کے مقاصد کو پورا کرنے میں مدد ملے گی۔

Sound Byte. CM

شہری ہوابازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے کہا کہ ملک، طیاروں کی دیکھ بھال کی سہولتوں کے معاملہ میں ایک قابل ترجیح مقام بنے گا۔ یہ مرکز 2026ء سے کام کرنا شروع کردے گا۔

Bandi Sanjay

مرکزی وزیر بنڈی سنجے نے الزام عائد کیا ہے کہ پیشرو بی آر ایس اور موجودہ کانگریس کی حکومتوں نے پنچایتوں کو فنڈس کی فراہمی کے سلسلہ میں عوام کو دھوکہ دیا ہے۔انہوں نے رائے دہندوں پر زور دیا کہ مجوزہ پنچایت انتخابات میں ان پارٹیوں کی باتوں میں نہ آئیں۔مملکتی وزیر برائے داخلہ نے ایکس پر یہ یقین دلایا کہ پنچایتوں کی ترقی کیلئے مرکز سے زیادہ سے زیادہ فنڈس لایا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ بی آر ایس حکومت نے پنچایتوں کو پانچ لاکھ روپے دینے کا وعدہ کیا تھا۔تاہم پانچ سال کے بعد بھی ایک روپیہ بھی جاری نہیں کیا گیا۔

Aadhar

یونیک آئیڈنٹی فیکیشن اتھاریٹی آف انڈیا (یو آئی ڈی اے آئی) نے آدھار ڈیٹا بیس کو شفاف بنانے اور ملک بھر میں جاری اپنی مہم کے تحت دو کروڑ سے زیادہ ایسے آدھار نمبرس کو بند کردیا ہے جن سے تعلق رکھنے والے افراد فوت ہوچکے ہیں۔الکٹرانک اور انفارمیشن ٹکنالوجی کی وزارت نے کہا ہے کہ یو آئی ڈی اے آئی نے رجسٹرار جنرل آف انڈیا، ریاستوں اور مرکزی زیرانتظام علاقوں سے اس سلسلہ میں اعداد و شمار حاصل کئے۔ وزارت کے مطابق کسی شخص کی موت کی صورت میں یہ ضروری ہے کہ اس کے آدھار نمبر کو مستقل طور پر بند کردیا جائے۔اسی دوران یو آئی ڈی اے آئی نے آدھار نمبر رکھنے والوں سے کہا ہے کہ کسی شخص کی موت پر اس کا ڈیتھ سرٹیفکیٹ حاصل کرنے کے بعد ''مائی آدھار پورٹل'' پر موت کی اطلاع دی جائے۔

Faire

پرانا شہر میں شاہ علی بنڈہ کے مقام پر واقع گومتی انٹر پرائز زمیں پیر کے روز پیش آئے آتشزدگی واقعہ کے نتیجہ میں مہلوکین کی تعداد بڑھ کر دو ہوگئی ہے۔ دوکان کے مالک شیوا کمار بنسل کل شب دیر گئے اپولو ڈی آر ڈی او ہاسپٹل میں دوران علاج جانبر نہ ہوسکے۔ پولیس کے مطابق اس حادثہ میں ایک شخص برسر موقع ہلاک ہوگیا جبکہ دیگر آٹھ زخمی ہوگئے۔ایک زخمی کی ہنوز شناخت نہیں ہو پائی ہے۔ اس سلسلہ میں مغلپورہ پولیس نے سرکولر جاری کیا ہے تاہم اس شخص کی لاش لینے کے لئے کوئی آگے نہیں آیا ہے۔ حیدرآباد ڈسٹرکٹ فائر آفیسر اجمیرا سریداس نے کہا کہ ابتدائی جانچ کے مطابق آگ عمارت کے اندر بڑھک اٹھی اور اس کا سبب برقی ہوسکتا ہے۔ آگ لگنے کی اصل وجہ جاننے کیلئے تحقیقات جاری ہیں۔

Sworn In

جوبلی ہلز کے نومنتخبہ ایم ایل اے نوین یادو نے **لیجسلیچر** اسمبلی آفس میں اسپیکر پرساد کمار کی موجودگی میں حلف لیا۔اس موقع پر پارٹی لیڈرس، حمایتی اور عوامی نمائندے بھی موجود تھے۔

KTR

بی آر ایس پارٹی کے کارگزار صدر تارک راما راؤ نے مجوزہ دکشا دیوس کے ضمن میں آج ورنگل اور ہنمکنڈہ اضلاع کے پارٹی لیڈرس اور کارکنوں کے ساتھ ایک تیاری میٹنگ منعقد کی۔ یوم دستور کے موقع پر کے ٹی آر نے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر کے پوٹریٹ پر پھول چڑھائے اور ملک کیلئے ان کی خدمات کو یاد کیا۔ بعدازاں انہوں نے کہا کہ دکشا دیوس، تلنگانہ تحریک میں ایک موڑ کی حیثیت رکھتا ہے۔ نئی نسل کو اس تعلق سے واقفیت حاصل ہونی چاہئے۔

Surrender

ایک بڑی کامیابی میں آج 41 مسلح ماؤنواز کیڈرس بشمول 12 خواتین نے چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلع میں سینئر پولیس اور سنٹرل ریزرو پولیس فورس کے عہدیداروں کے سامنے خودسپردگی اختیار کرلی۔ اس گروپ پر 1.19 کروڑ روپے کا انعام تھا۔ اس گروپ کے بعض ارکان سی پی آئی کے قیام میں شامل رہے۔ بیجاپور کے ایس پی جتندر کمار یادو نے اِس بات کا خیرمقدم کرتے ہوئے دیگر ماؤنوازوں سے اپیل کی کہ وہ بھی ہتھیار ڈال دیں۔

Merger

بی آر ایس لیڈر وقطب اللہ پور کے ایم ایل اے وویکا نندا نے عظیم تر بلدیہ حیدرآباد میں آس پاس کی 27 بلدیات اور پنچایتوں کو ضم کرنے کے فیصلہ کو سیاسی قرار دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تجویز غیر سائنٹفک، غیر جمہوری اور غیر ذمہ دارانہ ہے۔ تلنگانہ بھون میں ایک نیوز کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ضم کرنے کا فیصلہ سیاسی فائدہ اٹھانے کیلئے کیا گیا ہے۔

CBC

یوم دستور کے موقع پر حکومت ہند کے ادارہ سنٹرل بیورو آف کمیونی کیشن کی جانب سے حیدرآباد کے نارائن گوڑہ میں واقع کیشو رمیموریل ایجوکیشنل انسٹیٹیوشن میں آج ایک تصویری نمائش کا اہتمام کیا گیا۔ راجیہ سبھا کے رکن ڈاکٹر لکشمن نے بحیثیت مہمان خصوصی اس نمائش کا افتتاح کیا اور کہا کہ دستور ہند کے زندہ دستاویز ہے۔ انہوں نے ڈاکٹر بی آر امبیڈکر، ڈاکٹر راجندر پرساد اور دیگر افراد کو خراج پیش کیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ دستور کو سماج کو مستحکم بنانے اور سناتھن دھرم کے اقدار کے استحکام کیلئے بنایا گیا۔ یہ نمائش 30 نومبر تک جاری رہے گی۔

OO